# PRESS RELEASE

For immediate release
February 25, 2026

**Pakistan's Non-Bank Financial Sector Records Strong Growth in H2 2025**

ISLAMABAD, February 25: Pakistan's non-bank financial sector maintained strong growth momentum during the second half of 2025, with total assets rising to Rs. 6.84 trillion as of December 31, 2025, compared to Rs. 5.635 trillion on June 30, 2025, an increase of 21 percent over six months.

According to the latest report issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), the industry experienced robust expansion across both fund management and lending segments, reflecting growing investor confidence and continued progress toward financial inclusion.

The fund management sector recorded solid growth of 17 percent during the period. Mutual funds remained the largest sub-sector, managing assets of Rs. 4.5 trillion, which account for 66.3 percent of total industry assets. The number of funds and plans increased from 369 to 409. Mutual fund investments remained well diversified, with 44 percent allocated to money market funds, 23 percent to income funds, and 14 percent to equity funds.

Investor participation also expanded significantly, with the number of mutual fund investor accounts reaching 845,000 as of December 31, 2025, representing an 8 percent increase since June 2025. Notably, the number of investor accounts has doubled since December 2022, indicating growing retail engagement in capital market instruments.

Participation in voluntary pension schemes also surged, with participant accounts rising to 143,154 by December 31, 2025, reflecting 30 percent growth since June 2025 and an impressive 170 percent increase since December 2022.

The lending segment of non-bank financial companies (NBFCs) recorded particularly strong performance, with assets increasing by 65 percent over six months to reach Rs. 824 billion. Across the sector, Shariah-compliant assets totaled Rs. 2.47 trillion, representing 36 percent of overall industry assets.

The number of registered NBFCs and Modaraba entities increased to 185, up from 174 in June 2025, underscoring the sector's sustained expansion.

The SECP remains committed to promoting a resilient, transparent, and inclusive non-bank financial sector to support economic stability, mobilize savings, and facilitate sustainable growth in Pakistan's financial system.

## پاکستان کے نان بینک مالیاتی شعبے میں رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران نمایاں اضافہ

اسلام آباد، 25 فروری : پاکستان کے نان بینک مالیاتی شعبے نے رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران مضبوط ترقی کا سلسلہ برقرار رکھا، جہاں مجموعی اثاثے 31 دسمبر 2025 تک بڑھ کر 6.84 کھرب روپے ہو گئے، جو 30 جون 2025 کے 5.635 کھرب روپے کے مقابلے میں 21 فیصد اضافہ ظاہر کرتے ہیں۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی تازہ رپورٹ کے مطابق فنڈ مینجمنٹ اور قرضہ فراہم کرنے والے دونوں شعبوں میں تیز رفتار نمو دیکھنے میں آئی، جو سرمایہ کاروں کے بڑھتے اعتماد اور مالی شمولیت میں پیش رفت کی عکاسی کرتی ہے۔

فنڈ مینجمنٹ سیکٹر نے چھ ماہ کے دوران 17 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا۔ میوچل فنڈز بدستور سب سے بڑا ذیلی شعبہ رہے جن کے اثاثے 4.5 کھرب روپے تک پہنچ گئے، جو مجموعی صنعت کے 66.3 فیصد کے برابر ہیں۔ فنڈز اور منصوبوں کی تعداد 369 سے بڑھ کر 409 ہو گئی۔ میوچل فنڈز کی سرمایہ کاری متنوع رہی، جس میں 44 فیصد منی مارکیٹ فنڈز، 23 فیصد انکم فنڈز اور 14 فیصد ایکویٹی فنڈز میں سرمایہ کاری کی گئی۔

سرمایہ کاروں کی شرکت میں بھی نمایاں اضافہ ہوا اور میوچل فنڈ سرمایہ کار اکاؤنٹس کی تعداد 845,000 تک پہنچ گئی، جو جون 2025 کے مقابلے میں 8 فیصد اضافہ ہے۔ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ دسمبر 2022 کے بعد سے سرمایہ کار اکاؤنٹس کی تعداد دوگنا ہو چکی ہے، جو عام سرمایہ کاروں کی بڑھتی دلچسپی کو ظاہر کرتی ہے۔

رضاکارانہ پنشن اسکیموں میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا، جہاں شرکاء کے اکاؤنٹس کی تعداد 143,154 تک پہنچ گئی، جو جون 2025 کے مقابلے میں 30 فیصد اور دسمبر 2022 کے مقابلے میں 170 فیصد اضافہ ہے۔

نان بینک مالیاتی کمپنیوں (NBFCs) کے قرضہ فراہم کرنے والے شعبے نے غیر معمولی کارکردگی دکھائی، جس کے اثاثے چھ ماہ میں 65 فیصد بڑھ کر 824 ارب روپے تک پہنچ گئے۔ مجموعی طور پر شریعہ کے مطابق اثاثوں کا حجم 2.47 کھرب روپے رہا، جو صنعت کے کل اثاثوں کا 36 فیصد ہے۔

رجسٹرڈ NBFCs اور مضاربہ اداروں کی تعداد 174 سے بڑھ کر 185 ہو گئی، جو شعبے کی مسلسل ترقی کی عکاسی کرتی ہے۔

---

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005